باب 2: سیاسی اور آئینی ارتقاء

pakcity.org

مشقی کثیر الانتخابی سوالات

1۔ 1956ء کا آئین ملک میں نافذ رہا:

(A) دو سال (B) اڑھائی سال (C) تین سال (D) چار سال

2۔ بنگلہ دیش کے قیام کے بعد جنرل محمد یحییٰ خان نے باقی ماندہ مغربی پاکستان میں اقتدار سپرد کر دیا:

(A) فضل الٰہی چودھری کے (B) ذوالفقار علی بھٹو کے (C) فیروز خان نون کے (D) چوہدری ظہور الٰہی کے

3۔ اگست 1990ء میں محترمہ بے نظیر کی حکومت کو برطرف کیا:

(A) غلام اسحاق خاں نے (B) فاروق احمد لغاری نے (C) بلخ شیر مزاری نے (D) وسیم سجاد نے

4۔ ملک کا نظام چلانے کے لیے عبوری آئین 1972 میں بنایا گیا اور مستقبل کے آئین کے لیے نو منتخب قومی اسمبلی کے ارکان پر مشتمل کمیٹی بنائی گئی:

(A) 10 (B) 15 (C) 20 (D) 25

5۔ ملک میں پہلے عام انتخابات جس سال ہوئے:

(A) 1964ء (B) 1968ء (C) 1970ء (D) 1972ء

6۔ 1973ء کا آئین نافذ ہوا:

(A) 11 اگست کو (B) 12 اگست کو (C) 13 اگست کو (D) 14 اگست کو

7۔ وفاق میں وزارت کا انتظامی سربراہ ہوتا ہے:

(A) وزیر (B) سیکرٹری (C) ایڈیشنل سیکرٹری (D) جوائنٹ سیکرٹری

8۔ صوبائی حکومت کا سربراہ ہوتا ہے:

(A) صدر (B) گورنر (C) وزیر اعلیٰ (D) سپیکر

9۔ جس آئینی ترمیم میں مسلمان کی تعریف کی گئی:

(A) دوسری (B) پانچویں (C) اٹھارہویں (D) آٹھویں

10۔ جس آئینی ترمیم میں NWFP کو خیبر پختون خوا کا نام دیا گیا:

(A) چودویں (B) اٹھارویں (C) بیسویں (D) بائیسویں

www.pakcity.org
pakcity.org

pakcity.org

سیاسی اور آئینی ارتقاء

باب 2:

مشقی مختصر جوابی سوالات

سوال 1: 1973 کے آئین میں مسلمان کی کیا تعریف کی گئی ہے؟

جواب: 1973ء کے آئین کی رو سے مسلمان وہ ہے جو

(i) توحید در سیاست

(ii) قیامت اور

(iii) اللہ خان کی کتابوں پر ایمان لانے کے ساتھ ساتھ خاتم النبین حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو آخری رسول اللہ اور نبی تسلیم کرتا ہو۔ ختم نبوت کے عقیدے پر اس کا کامل یقین ہو۔

سوال 2: اللہ تعالی کی حاکمیت سے کیا مراد ہے؟

جواب: تمام کائنات پر اقتدار اعلی کا اختیار اللہ تعالی کو حاصل ہے۔ یہ اقتدار پاکستان میں اللہ تعالی کی مقدس امانت کے طور پر پاکستانی عوام کے ہاتھ میں رہے گا۔ جو اسے مقدس امانت کے طور پر اللہ تعالی کی مقرر کردہ حدود کے مطابق استعمال کریں گے۔ پاکستان میں قانون کا منبع و سر چشمہ قران اور سنت رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم ہو گی۔

سوال 3: عدالتی نظر ثانی سے کیا مراد ہے؟

جواب: جن ریاستوں میں تحریری دستور بافذ العمل ہے وہاں مقننہ کے منظور کردہ قوانین پر نظر ثانی کا اختیار پریم کورٹ کو حاصل ہوتا ہے۔ اگر سپریم کورٹ کے نوٹس میں یہ بات لائی جائے کہ مجلس قانون ساز کا منظور کردہ قانون آئین کے خلاف ہے تو وہ اس قانون کا جائزہ لیتی ہے۔ اگر اس قانون کو ملکی آئین کے خلاف پائے تو اسے کالعدم قرار دے سکتی ہے۔ اس عمل کو عدلیہ کی نظر ثانی (JUDICIAL REVIEW) کہتے ہیں۔

سوال 4: 1962ء کے آئین کی منسوخی کی وجہ بتائیں۔

جواب: جرنل یحییٰ خان نے 25 مارچ 1969ء کو ملک کے دوسرے دستور (1962ء) کو منسوخ کیا جس کی وجوہات درج ذیل ہیں۔

(i) صدر ایوب کا امرانہ طرز حکومت

(ii) انتظامیہ کی حکومتی معاملات میں بے جا مداخلت

(iii) بیوروکریسی کا منفی رویہ

(iv) سیاسی انتشار

Please visit for more data at: www.pakcity.org

(v) ملکی سیاسی جماعتوں کا فقدان

(vi) نااہل ملکی قیادت

سوال 5: **1956ء کا آئین کب اور کس نے منسوخ کیا ؟**

جواب: 17 اکتوبر 1958ء کو جنرل ایوب خان نے پاکستان کی جمہوری حکومت برطرف کر کے فوجی حکومت قائم کر کے تمام اختیارات خود استعمال لیے اور 1956ء کے آئین کو منسوخ کر کے ملک میں مارشل لاء لگا دیا۔

سوال 6: **1973 کے آئین کے تحت گورنر کی حیثیت بتائیں۔**

جواب: 1973 کے آئین کے تحت گورنر صوبائی حکومت کا سربراہ ہوتا ہے جس کو صدر نامزد کرتا ہے۔ جب تک صدر چاہے گورنر اپنے عہدے پر برقرار رہ سکتا ہے۔ گورنر کے فرائض یہ ہیں۔

(i) گورنر صوبائی اسمبلی کا اجلاس طلب کرتا ہے اسے خطاب کرتا ہے۔

(ii) وزیر اعلیٰ کے مشورے پر اسمبلی توڑ سکتا ہے۔

(iii) گورنر ، وزیر اعلیٰ کے مشورے پر تمام نظم و نسق چلاتا ہے۔

(iv) حالات کے فوری تقاضے کے پیش نظر آرڈیننس جاری کر سکتا ہے۔

سوال 7: **محمد خان جونیجو حکومت کو کب اور کس نے برطرف کیا؟**

جواب: محمد خان جونیجو کی حکومت کو 29 مئی 1988 کو صدر پاکستان جنرل ضیاء الحق نے برطرف کیا۔

سوال 8: **اسلامی نظریاتی کونسل کے تین فرائض بیان کیجئے۔**

جواب: اسلامی نظریاتی کونسل قوانین کو اسلامی تعلیمات کے مطابق بنانے کے لئے قانون ساز اداروں کی رہنمائی کرتی ہے۔ اسلامی نظریاتی کونسل کے تین فرائض درج ذیل ہیں:

(i) نظریہ پاکستان (نظریہ اسلام) کا تحفظ کرنا۔

(ii) موجودہ ملکی قوانین کو اسلامی اصولوں کے مطابق ڈھالنے میں قانون ساز اداروں کی مدد کرنا۔

(iii) نئے قوانین کو اسلامی اصولوں کے مطابق بنانے میں مقنّنہ کی راہنمائی۔

pakcity.org
Please visit for more data at: www.pakcity.org